SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۸۷

SINDHACT NO.V OF 1987

سندھ میڈیکل کالیجز ایکٹ، ۱۹۸۷

THE SINDH MEDICAL COLLEGES ACT, 1987

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔تعریف

Definitions

۳۔ قواعد بنانے کے لیئے حکومت کا اختیار

Power of Government to make rules

۴۔ ۱۹۸۷ کے سندھ آرڈیننس II کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance II of 1987

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۸۷

SINDHACT NO.V OF 1987

سندھ میڈیکل کالیجز ایکٹ، ۱۹۸۷

THE SINDH MEDICAL COLLEGES ACT, 1987

[۳ جون ۱۹۸۷]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ کے میڈیکل کالیجز میں داخلائوں اور طلباء کی نظم و ضبط کے ساتھ متعلقہ معاملات کو ضابطے میں رکھا جائے گا ۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ کے میڈیکل کالیجز میں داخلائوں اور طلباء کی نظم و ضبط کے ساتھ متعلقہ معاملات کو ضابطے میں رکھنا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ میڈیکل کالیجز ایکٹ، ۱۹۸۷ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف

Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو:

(a) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(b) "میڈیکل کالیج" مطلب حکومت کے زیر دست قائم شدہ یا سنبھالا ہوا یا چلتا ہوا میڈیکل کالیج اور جس میں ڈینٹل کالیج بھی آ جاتا ہے؛

(c) "قواعد" مطلب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛

(d) "طالب" مطلب میڈیکل کالیج کا طالب۔

قواعد بنانے کے لیئے حکومت کا اختیار

Power of Government to make rules

۳۔ جب تک کچھ وقتی طور پر نافذ کسی قانون کے متضاد نہ ہو، پر میڈیکل کاؤنسلز آرڈیننس، ۱۹٦۲ کے تحت، حکومت قواعد کے ذریعے:

(a) میڈیکل کالیج میں داخلوں پر ضابطہ رکھے گی؛

(b) طلباء کے نظم و ضبط کی نظرداری کر سکتی ہے اور ضابطہ رکھ سکتی ہے؛

(c) طلباء کی رہائش کی عمارتیں بنا سکتی ہے، دیکھ بھال کر سکتی ہے اور انتظام کر سکتی ہے اور طلباء کی رہائش یا ہاسٹل کے لیئے کسی جگہ کی منظوری دی سکتی ہے۔

(۲)مندرجہ بالا گنجائشوں کی عام حیثیت سے بلا تعصب، قواعد فراہم کر سکتے ہیں:

(a) سیٹیوں کا تعین؛

(b) داخلا کے لیئے درخواست فارم؛

(c) داخلا کے لیئے شرائط؛

(d) مائیگریشن کے شرائط اور طریقیکار؛

(e) طلباء کے خلاف انتظامی کارروائی اور جرمانہ؛

(f) رہائشی جگہیں اور ہاسٹلیں قائم کرنا اور سنبھالنا اور ان میں داخلا کے شرائط

۱۹۸۷ کے سندھ آرڈیننس II کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance II of 1987

۴۔ سندھ میڈیکل کالیجز آرڈیننس، ۱۹۸۷ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔